Principles of Commerce - I.COM Part 1 Principles of Commerce Chapter 15 Short Questions Preparation

Q1. کمیشن ایجنت کی تین خصوصیات تحریر کریں.

Ans 1: کمیشن ایجنت اشیاء کی خرید و فروخت کے لیے مقرر کیے جاتے ہیں.

Ans 2: بعض اوقات مالک کمیشن ایجنٹ کو اپنے مال کا قبضہ بھی دے دیتا ہے.

Ans 3: کمیشن اپنے نام سے اشیاء کا لین دین نہیں کرسکتا.

Q2. فارورڈنگ ایجنٹ سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: فارورڈنگ ایجنٹ سے مراد ایسے افراد ہیں جو دیگر ممالک میں مال کی ترسیل کے لیے مقرر کیے جاتے ہیں جب کوئی تاجر اپنا مال غیر ملکی تاجر کو ارسال کرتے ہوئے خود بندر گاہ پر جا کر مال اور سال کرنے کا انتظام نہ کر سکتا ہو تو وہ اسی کام کے لیے بندرگاہ پر اپنا ایک ایجنٹ مقرر کر دیتا ہے جسئے فاروڈنگ ایجنٹ کہتے ہیں.

Q3. تجارتی متوسطین سے کیا مراد ہے ؟

Ans 1: ایسے افراد جو اشیاء کو کارخانہ یا پیدا کار سے لے کر صارفین تک پہنچانے میں مختلف خدمات سر انجام دیتے ہیں تجارتی متوسط کہلاتے ہیں.

Q4. حصص کی فروخت میں معاونت کرنے والے ایجنت کا نام اور ان کی تعریف کریں.

Ans 1: بروکر: بروکر سے مراد ایسا ایجنٹ ہے جو مالک کی طرف سے کمپنی کے حصص کی خرید و فروخت کرتا ہے.

Ans 2: انڈر رائٹر: ایسا ایجنٹ جو نئی قائم ہونے والی کمپنی کے حصص کے فروخت کے لیے مقرر کیا جاتا ہے- یہ ایجنٹ کمپنی کو اس بات کی ضمانت دیتا ہے کہ اگر حصص فروخت نہ ہوئے تووہ خؤد اس کی زمہ داری قبول کرے گا.

Q5. ڈلیوری آرڈر کا کیا مطلب ہے؟

Ans 1: یہ ایک ایسی دستاویز ہے جو درامد کنندہ کی طرف سے بندر گاہ کے مجاز افسر کے نام لکھی جاتی ہے،جس میں اس سے درخواسے کی جاتی ہے کہ اس پر درج زدہ سامان حامل ترسیل نام جسے کہے فراہم کردے،یہ دستاویز قابل استعمال ہوتی ہے.

Q6. دفتر سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: کسی بھی ادارے سے متعلق تمام امور کو چلانے کنٹرول کرنے اور ان کا باقاعدہ ریکارڈرکھنے کے لیے جو شعبہ قائم کیا جاتا ہے اسے دفتر کا نام دیا جاتا ہے،کاروبار کی کارگردگی کا انحصار ہمیشہ ایک منظم دفتر کے ہی مرہون منت ہوتا ہے.

Q7. پرنسپل سے کیامراد ہے؟

Ans 1: ایسا کاروباری فرد یا ادارہ جو کسی دوسرے شخص کو اپنا نمائندہ یا ایجنٹ مقرر کرتا ہے تو وہ اس ایجنٹ کا پرنسپل یا مالک کہلاتا ہے.

Q8. ڈیل کریڈیر ایجنٹ کی تعریف کریں.

Ans 1: ایسا شخص جو نہ صرف مال فروخت کرتا ہے بلکہ مال کی ادھار فروخت کے بعد رقوم کی وصولی وغیرہ کا کام بھی کرتا ہے. یہ ایجنٹ مال کے مالک کو اس بات کی گارنٹی دیتا ہے کہ اگر ادھار فروخت کیے ہوئے مال کی رقم وصول نہ ہو تو نقصان کا وہ خود زمہ دار ہوگا.

Q9. ایجنٹ کی تعریف کریں.

Ans 1: ایسا شخص جسے ایک کاروباری آدمی اپنے کاروبار کے معاملات کی انجام دہی کے لیے اپنا نمایندہ مقرر کر ایجنٹ کہلاتا ہے.

Q10. نقل و حمل میں معاونت کرنے والے ایجنٹوں کے نام تحریر کریں.

Ans 1: برآمدی ایجنت

Ans 2: درآمدی ایجنٹ

Ans 3: فارودنگ ایجنت

Ans 4: کلیرنگ ایجنٹ

Ans 5: نمائندہ گودام